# اعلیٰ تعلیم اور انسانی سرمایہ

**بلند ترین اضافے کے بعد یونیورسٹی کے طلبہ میں 262,000 کی کمی؛ تین سالوں میں داخلوں میں 11.8% کی کمی دیکھنے میں آئی۔**

پاکستان میں یونیورسٹیوں میں داخلے کی تعداد ۔ ملین میں




*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

## بگ ڈیٹا کا تجزیہ (بڑے ڈیٹا کا جائزہ)

## اعلیٰ تعلیم اور انسانی سرمایہ

# بلند ترین اضافے کے بعد یونیورسٹی کے طلبہ میں 262,000 کی کمی؛ تین سالوں میں داخلوں میں 11.8% کی کمی دیکھنے میں آئی۔

(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)
(اسلام آباد)، 22 جون 2026

پاکستان میں یونیورسٹیوں کے داخلوں میں دس سال کے تیز رفتار اضافے کے بعد اب کمی آنا شروع ہو گئی ہے۔

پاکستان اکنامک سروے 2025 کے اعداد و شمار کے مطابق، سال 21-2020 میں یونیورسٹی جانے والے طلبہ کی کل تعداد اپنے بلند ترین سطح یعنی 2.23 ملین تک پہنچ گئی تھی۔ لیکن 25-2024 تک (اندازے کے مطابق) یہ تعداد کم ہو کر 1.96 ملین رہ گئی، یہ طلبہ کی تعداد میں تقریباً 262,000 ہزار کی کمی کو ظاہر کرتا ہے، جو کہ اپنی بلند ترین سطح سے 11.8% کم ہے۔

یہ کمی ایک طویل ترقیاتی دور کے بعد آئی ہے۔ یونیورسٹیوں کے داخلوں میں 15-2014 کے بعد سے 1.30 ملین سے لگاتار اضافہ دیکھنے میں آیا اور یہ تعداد 21-2020 میں 2.23 ملین تک پہنچ گئی۔ اس اضافے کی وجہ اعلیٰ تعلیم کی گنجائش میں اضافہ، نئے کیمپسز کا قیام، اور یونیورسٹی تعلیم تک رسائی میں بہتری تھیں۔ اس عرصے کے دوران یونیورسٹیوں میں طلبہ کے داخلوں کی تعداد میں 9 لاکھ سے زائد کا اضافہ دیکھنے میں آیا تھا۔

تاہم اب یہ رجحان تبدیل ہو چکا ہے۔ اپنی بلند ترین سطح پر پہنچنے کے بعد، 23-2022 میں داخلوں کی تعداد کم ہو کر 1.94 ملین رہ گئی، اور پھر 25-2024 میں معمولی بہتری کے ساتھ یہ تعداد اندازاً 1.96 ملین تک پہنچ گئی۔ اس معمولی بہتری کے باوجود، داخلوں کی تعداد اب بھی اپنی بلند ترین سطح سے کافی کم ہے۔

یونیورسٹیوں میں طلبہ کے داخلوں کی تعداد یہ کمی ملک کی معاشی غیر یقینی صورتحال، بڑھتی ہوئی مہنگائی، تعلیم کے بڑھتے ہوئے اخراجات، روپے کی قدر میں کمی اور ملک سے باہر جانے کے بڑھتے ہوئے رجحان کے دوران دیکھی گئی ہے۔ جہاں پاکستان نے پچھلی دہائی کا بیشتر حصہ اعلیٰ تعلیم کو عام کرنے میں گزارا، وہیں اب نیا چیلنج صرف سیٹوں کا ہونا نہیں، بلکہ طلبہ کو پڑھائی پر قائم رکھنا اور ڈگری مکمل کرنے کے بعد انہیں اچھے مواقع فراہم کرنا ہے۔

اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ اب اصل بحث یہ نہیں ہونی چاہیے کہ یونیورسٹیوں میں کتنی سیٹیں موجود ہیں، بلکہ یہ ہونی چاہیے کہ اعلیٰ تعلیم طلبہ کو معاشی مواقع (روزگار) دلانے میں کتنی مددگار ثابت ہو رہی ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا یہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا ہے۔ یہ تجزیہ پاکستان اکنامک سروے 2025 (باب 10: تعلیم) میں شائع شدہ اعلیٰ تعلیم کے داخلوں کے اعداد و شمار پر مبنی ہے، جس میں 15-2014 سے 25-2024 تک (اندازے کے مطابق) یونیورسٹی داخلوں کے رجحانات کا جائزہ لیا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 22 June 2026**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)